سوال

(750)اللہ تعالیٰ سے دعا مانگنے کا صحیح طریقہ کیا ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اللہ تعالیٰ سے دعا مانگنے کا صحیح طریقہ کیا ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم دعا کیسے مانگتے تھے کہ دعا میں اثر ہو اور قبول ہو۔

محمد امجد طاہر آزاد کشمیر 30 دسمبر 1998

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اللہ تعالیٰ سے دعا مانگنے کا صحیح طریقہ وہی ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کتب حدیث وتفسیر میں منقول ہے بعض دعاؤں میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاتھ اٹھائے ہیں مثلاً بارش کی دعاء ، قنوت نازلہ والی دعاء ، قبرستان میں دعاء اور کسی کے مطالبہ پر دعاء ، اور بعض دعاؤں میں ہاتھ اٹھانے کا ثبوت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نہیں ملتا مثلاً قنوت نازلہ کے علاوہ نماز میں دعاء قنوت وتر میں دعاء ، نمازوں کے بعد دعاء ، بیت الخلا میں داخل اور خارج ہوتے وقت دعاء مسجد میں داخل ہوتے اور خارج ہوتے وقت دعاء ، گھر میں داخل ہوتے نیز خارج ہوتے وقت دعاء اور اپنی بیوی کے پاس جاتے وقت دعائ۔ پھر دعاء کی قبولیت کے لیے کچھ شرائط ہیں جن کا ذکر کتب حدیث اور بعض کتب ادعیہ میں ملتا ہے مثلاً غذا ولباس کا حلال ہونا ، دعاء کا اثم وقطع رحم کا نہ ہونا وقت دعا دل کا غافل نہ ہونا اور دعا کرنے والے کا اللہ تعالیٰ کے قبول کرنے سے مایوس نہ ہونا ۔ واللہ اعلم ٣/١٠/١٤١٩ھ

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد 01 ص 487

محدث فتویٰ